# CANTONMENT BOARD MURREE HILLS

Tele: 051-9269212
E-mail: cbmurreehills@gmail.com

No. D-11/67/1165
Dated the 09 Aug, 2024

To

The Director (Advertisement),
Press Information Department (PID),
B.F Building Zero Point, Islamabad.

**Subject:** **MURREE HILLS CANTONMENT PUBLIC NOTICE**

The attached advertisement is forwarded herewith for publication under classified column of advertisement of newspaper according to the requirement specified below.

| | | |
|---|---|---|
| i. | Date of Publication | on or before 16-08-2024 |
| ii. | Number of insertion | One (01) |
| iii. | Newspaper (National Dailies) | 02 (Urdu) 01 (English) |
| iv. | Region | Rawalpindi |
| v. | Language | Urdu & English |

2. Please forward bill alongwith tear sheet of newspaper to this office for payment.

Encl: (As above)

**Cantonment Executive Officer**
**Murree Hills**

**Copy to:-**

**i.** Dy. Director I &III Pub Regulatory Authority,
1st floor, FBC Building Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad (for publishing on website of PPRA)

**ii.** Master File

Scanned with CamScanner

# سنہری موقع
# کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز

## نیلامی حقوق کرایہ داری

ہر خاص وعام خصوصا کاروباری حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز مین مال روڈ پر واقع ہوٹل (سابقہ مرحبا ہوٹل) جس میں 15 عدد سنگل اور 12 عدد ڈبل بیڈروم مکمل فرنیشڈ خوبصورت کمرے بمعہ اٹیچڈ باتھ رومز اس کے علاوہ ایک بڑا ہال کشادہ کچن سٹور اور سامنے وسیع کھلا ایریا وغیرہ کا نیلام عام پیشگی سالانہ کرایہ کی بنیاد پر مورخہ 02/09/2024 بوقت 1:00 بجے دن اسی عمارت میں منعقد کر رہا ہے۔

| نمبر شمار | تفصیل | ایریا/سائز |
|---|---|---|
| ا | بیسمنٹ (5 سنگل اور 2 ڈبل بیڈ رومز بمعہ اٹیچڈ باتھ، کیچن و 2 سٹور رومز) | 5280 sft |
| ۲ | گراونڈ فلور (ہال بمعہ 2 عدد واش رومز اور پنٹری) | 2788 sft |
| ۳ | فرنٹ یارڈ/صحن ایریا | 2640 sft |
| ۴ | فرسٹ فلور (10 سنگل اور 10 ڈبل بیڈ رومز بمعہ اٹیچڈ باتھ رومز) | 7725 sft |

## شرائط نیلام:

ا۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات زرضمانت مبلغ 30 لاکھ روپے بذریعہ بینک ڈرافٹ/کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ قبل از بولی جمع کرانی ہوگی جو کہ بولی کے بعد کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے کے علاوہ تمام حضرات کو واپس کردی جائے گی۔

۲۔ بولی مبلغ 45.00(M) سے شروع کی جائے گی۔

۳۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کرایہ بولی کی حتمی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر ایڈوانس جمع کرانا ہوگا۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ پہلے سال کے بعد ہر سال 10 فیصد کرایے میں اضافے کے ساتھ کرایہ جمع کرائے گا۔

۵۔ زرضمانت بطور سیکورٹی کنٹونمنٹ بورڈ کے پاس رہے گی جو کہ قابل واپسی ہوگی اور کرایہ کی مدت کی تکمیل پر تمام واجبات کی ادائیگی کے بعد واپس کردی جائے گی۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی کل بولی کا 1/4 حصہ موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ بالا کرایہ کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کرلیا جائے گا۔

۷۔ بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 30 یوم کے اندر چھ ماہ کا پیشگی کرایہ بطور سیکورٹی جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر پہلے سے ادا شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز ضبط کرلی جائے گی۔ مزید براں کرایہ دار کو بولی کی منظوری کی اطلاع ملنے کے 15 یوم کے اندر اپنے اخراجات پر قبضہ ملنے سے پہلے معاہدہ کرایہ داری کی تکمیل کرانا ہوگی۔

۸۔ کرایہ داری کے حقوق دس سال کے لئے ہونگے۔ اس مدت کے اختتام پر کرایہ دار عمارت کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرے گا۔

۹۔ 10 سال کی تکمیل کے بعد ہر حالت میں عمارت کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ کے حوالے کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ قبضہ حاصل کرنے کا مکمل اختیار رکھتا ہے۔

۱۰۔ کاروبار کے لئے لائسنس کنٹونمنٹ بورڈ سے حاصل کیا جائے گا۔

۱۱۔ بولی کی حتمی منظوری بورڈ/مجاز اتھارٹی کی منظوری کے تابع ہوگی۔ زیر دستخطی/کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر پیپرا رولز 2004 کی شق نمبر 33 کے تحت کسی بھی بولی کو وجہ بتا کر منظور یا مسترد کرنا کا مجاز ہے۔

۱۲۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لئے متعلقہ شخص کی طرف سے مختار نامہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی مہیا کرنا ہوگی۔

۱۳۔ کامیاب بولی دہندہ بجلی، گیس، پانی کے کنکشن متعلقہ اداروں سے کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز کے نام پر اپنے خرچ پر خود لگائے گا اور اگر کنکشن پہلے سے موجود ہے تو کنٹونمنٹ بورڈ مری ہلز اپنے نام پر خود منتقل کروائے گا۔ تمام بلز کی بروقت ادائیگی بھی بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوگی۔ جمع شدہ بل کی کاپی ہر مہینے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کرانی ہوگی۔

۱۴۔ معاہدہ کسی بھی صورت میں قابل تجدید نہ ہوگا اور نہ ہی مدت میں اضافہ کیا جائے گا۔ 10 سال کے بعد کرایہ نامہ قابل تجدید نہ ہے۔ اس بلڈنگ کے کرایہ کی دوبارہ نیلامی 2032 میں 10 سال کی مدت کی تکمیل کے بعد ہوگی۔

۱۵۔ عمارت میں کسی قسم کی ردوبدل کا تقاضہ کنٹونمنٹ بورڈ سے نہیں کیا جاسکے گا۔ اور نہ ہی کنٹونمنٹ بورڈ کی اجازت کے بغیر عمارت میں کسی قسم کی ردوبدل کرسکے گا۔ اس کے علاوہ اضافی تعمیر نہیں کرسکے گا۔ اگر کنٹونمنٹ بورڈ کی اجازت سے اندرونی ردوبدل کیا جائے گا تو اس رقم کا تقاضا کنٹونمنٹ بورڈ سے نہیں کیا جائے گا۔

۱۶۔ کرایہ ہر تین ماہ کے لئے ایڈوانس میں جمع کرانا لازمی ہوگا۔ تاخیر کی صورت میں روزانہ 5000 روپے جرمانہ ہوگا اور واجب الادا ہونے کے 30 دن گزرنے کے بعد بھی اگر کرایہ ادا نہ کیا تو معاہدہ منسوخ تصور ہوگا۔

۱۷۔ بلڈنگ کو Sub-Let نہیں کیا جاسکے گا اور اس کے حقوق کرایہ داری ایک ہی پارٹی کو دیئے جائیں گے۔

۱۸۔ کوئی بھی نادہندہ/بلیک لسٹ فرم یا فرد بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔

۱۹۔ فریقین میں کسی قسم کے تنازعہ کی صورت میں ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس راولپنڈی ریجن کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۲۰۔ کامیاب بولی دہندہ مروجہ قوانین کے مطابق انکم ٹیکس بمع تمام مروجہ ٹیکسز دینے کا پابند ہوگا دیگر شرائط کسی بھی روز دفتری اوقات کار میں کنٹونمنٹ بورڈ آفس سے دیکھی یا معلوم کی جاسکتی ہیں۔

**نوٹ۔** مذکورہ بالا تاریخ کو بولی نہ ہونے/مسترد ہونے یا خاطر خواہ نتائج نہ ملنے کی صورت میں دوبارہ بولی 03/9/2024 کو ہوگی اور اگر اس تاریخ کو بھی بولی نہ ہوسکی تو سہ بارہ بولی مورخہ 04/9/2024 کو ہوگی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

**کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر** مری ہلز

Scanned with CamScanner